5 جولائی 2015ء

اسٹیٹ بینک نے عید پر نئے کرنسی نوٹ جاری کرنے کے لیے ایس ایم ایس سروس متعارف کرادی

بینک دولت پاکستان نے پاکستان بینکس ایسوسی ایشن (پی بی اے) کے اشتراک سے عوام کو نئے کرنسی نوٹ جاری کرنے کے لیے ایس ایم ایس سروس متعارف کرائی ہے۔ اس اقدام کا مقصد عیدالفطر کے موقعے پر عوام کو نئے کرنسی نوٹوں کے حصول میں سہولت فراہم کرنا ہے۔

نئے نوٹ کمرشل بینکوں کی نامزد شاخوں 'ای برانچز' سے دستیاب ہوں گے۔ عوام کو موبائل ایس ایم ایس سروس کے ذریعے نوٹوں کا اجرا 8 جولائی 2015ء سے شروع ہوگا۔

اس سہولت کے تحت نئے نوٹ حاصل کرنے کے خواہش مند فرد کو 8877 پر ایس ایم ایس پیغام بھیجنا ہوگا جس میں اسے اپنا کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر اور مطلوبہ بینک برانچ کا کوڈ لکھنا ہوگا [CNIC Number (space) branch code]۔ نامزد ای برانچوں کے برانچ کوڈ اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ www.sbp.org.pk اور پی بی اے کی ویب سائٹ www.pakistanbanks.org پر دستیاب ہیں۔ ایس ایم ایس بھیجنے والے کو جواب میں ایک ایس ایم ایس موصول ہوگا جس میں اس کا ٹرانزیکشن کوڈ، برانچ کا پتہ اور وہ تاریخ لکھی ہوگی جب تک وہ ٹرانزیکشن کی جاسکتی ہے۔ ٹرانزیکشن کوڈ زیادہ سے زیادہ دو ایام کار کے لیے موثر ہوگا۔ اس کے بعد اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ/اسمارٹ کارڈ اور 8877 سے موصولہ شارٹ کوڈ لے کر متعلقہ بینک برانچ جانا ہوگا جہاں سے نئے نوٹوں کا طے شدہ کوٹا مل جائے گا۔

یہ واضح رہے کہ نئے نوٹوں کا کوٹا 10 روپے، 20 روپے اور 50 روپے کی ایک ایک گڈی فی کس ہے جبکہ برانچ میں دستیابی کی صورت میں 100 روپے کے نوٹوں کی گڈی بھی مل سکتی ہے۔ ایک فرد اپنے موبائل فون سے اپنا شناختی کارڈ/اسمارٹ کارڈ نمبر استعمال کرکے رمضان 2015ء کے پورے مہینے کے دوران نئے نوٹوں کا کوٹا صرف ایک مرتبہ حاصل کرسکتا ہے۔ ان خدمات کے چارجز 2 روپے نیز ٹیکس ہیں لہٰذا عوام کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ اس سہولت کو صرف ایک بار استعمال کریں کیونکہ ایک سے زیادہ ایس ایم ایس بھیجنے سے صرف ایس ایم ایس کا خرچ بڑھے گا۔ نئے نوٹوں کی فراہمی کے لیے یہ طریقہ تجرباتی طور پر 28 شہروں میں شروع کیا گیا ہے اور اس کی کامیابی کی صورت میں اس کا دائرۂ کار مزید شہروں تک بڑھا دیا جائے گا۔ کوئی شکایت ہو تو اسٹیٹ بینک کی ہیلپ لائن کے ان نمبروں پر رابطہ کیا جاسکتا ہے: 021-3245-5470 اور 021-3245-5125۔

**